22852-کیا جنسی ویب سائٹس والوں کو نصیحت کی جا سکتی ہے ؟

سوال

میں اللہ تعالی کی مشیئت سے چاہتا ہوں کہ جنسی ویب سائٹس والے کفار کو دعوت الی اللہ کا کام کروں تو آپ کی اس بارہ میں ہمیں کیا نصیحت ہے ۔ ۔ ۔ میرے پاس ایک مفکرہ مسلم جو انگریزی زبان میں تفسیر قرآن پر مشتمل ہے فضیلۃ الشیخ آپ کی کیا راہنمائی ہے ؟

پسندیدہ جواب

ہم آپ کو یہ نصیحت کرتے ہیں کہ آپ ان ویب سائٹس کا بائیکاٹ کریں اوران کے قریب بھی نہ پھٹکیں اور قطعی طور پر ان میں نظر نہ دوڑائیں ، آپ اپنے معاشرے اور گھر میں دعوتی کام کریں اس میں ہی خیر و بھلائی ہے ۔

بعض اوقات انسان اپنے دین پر پختہ ہوتے ہوئے ان ویب سائٹس کو چلانے والوں سے رابطہ رکھتا ہے جس کی بنا پر شیطان بتدریج اسے حرام کام کرنے میں رغبت دلاتے ہوئے حرام کا ارتکاب کروادیتا ہے ، اور خاص کر جبکہ اس قسم کی ویب سائٹس کی بھر مار ہے ، اور ان کو چلانے والے اپنے خبث کی بنا پر اس نصیحت کرنے والے کو بتدریج غلط راہ پر لے جاتے ہیں اور اس کی ای میل کو اپنی گندگی سے بھر دیں گے ۔

تو آپ اللہ تعالی کا تقوی اختیار کرتے ہوئے ان پر فتن اور ہلاکت سے پر جگہوں سے علیحدہ ہی رہیں اور اپنے دین کی حفاظت کرتے ہوئے ان فتنوں سے دور بھاگیں اور علم نافع اور اعمال صالحہ میں مشغول ہوں جو آپ کے لیے نفع کا باعث ہونگے ، آپ کے علم میں ہونا چاہئے کہ فساد کو دور کرنا مصلحت کی طلب سے مقدم ہوتی ہے ۔

واللہ اعلم .